# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء-21ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اُردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔گھریلو ملازمہ نے۔۔۔۔۔ | صفحہ نمبر۔35 تا 40 | پہلی سہ ماہی |

### یونٹ نمبر5

**نوٹ: سبق کی پڑھائی کریں اور مشکل الفاظ خط کشید کریں۔**

**سوال نمبر1۔درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| نیرنگیاں | تبدیلیاں | فضلہ | بچا کھچا |
| پیوست | جڑا ہوا / ملا ہوا | سنگ میل | رستے کا نشان بتانے والا پتھر |
| ماہیت | کیفیت | مشعل راہ | رہبر |

**نوٹ: سوال نمبر3،2 طلباوطالبات خود حل کریں گے۔**

**سوال نمبر4۔درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

1۔اپنی ماں کے انتقال کے وقت ماریہ کی عمر کتنی تھی؟

جواب۔اپنی ماں کے انتقال کے وقت ماریہ کی عمر گیارہ برس سے کم تھی۔

2۔ماریہ کے باپ کو کس جرم میں ملازمت سے برطرف کیا گیا؟

جواب:ماریہ کا باپ اپنے وطن کی آزادی کی جدوجہد میں حصہ لیتا تھا اور اسی جرم میں اسے ملازمت سے برطرف کیا گیا۔

3۔بے حد مشکلات کے باوجود ماریہ کی ہمت نے جواب نہیں دیا کیوں؟

جواب: ماریہ مشکلات کسے گھبراتی نہیں تھی اور ہمت نہ ہارتی تھی بلکہ ڈٹ کر مقابلہ کرتی تھی۔

4۔ماریہ فرانس کے لیے کب روانہ ہوئی؟

جواب:ماریہ فرانس کے لیے 1891ء میں روانہ ہوئی۔

5۔فرانس میں تعلیم کے لیے کیا قابلیت درکار تھی؟

جواب:فرانس میں تعلیم کے لیے فرانسیسی زبان پر عبور ضروری تھا۔

6۔مادام کیوری کا دریافت کیا ہوا مادہ کس مرض کے علاج میں معاون ثابت ہوا؟

جواب: کینسر کے علاج میں۔۔

7۔ماریہ کے بہن کے گھر کیا سہولتیں میسر تھیں؟ اور ماریہ نے وہ گھر کیوں چھوڑا؟

جواب: وہ بے فکر ہو کر بہن کے ساتھ رہتی تھی وقت پر کھانا ملتا تھا اور ہم وطنوں کے ساتھ میل ملاقات بھی تھی۔ لیکن پھر بھی اس نے وہ گھر چھوڑ دیا کیوں کہ وہاں فرانسیسی زبان سیکھنے کا موقع نہیں مل رہا تھا۔

8۔بہن کا گھر چھوڑ کر ماریہ کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا؟

جواب: بہن کا گھر چھوڑ کر وہ ایک کرائے کی کوٹھی میں رہنے لگی جو تیسری منزل پر تھی۔ کھانے کا انتظام کرنا مشکل تھا اور اسے اکثر فاقے کرنے پڑتے۔

## گھر کا کام

**1۔سوال نمبر 3(کثیر الانتخابی سوالات) صفحہ نمبر 38 پر حل کریں۔**

**2۔محاورات کو جملوں میں استعمال کریں( صفحہ نمبر 38)**

## پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

### آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت۔ ہفتم | مضمون۔ اردو لازمی | کتاب کا نام۔ سورج مکھی |
| سبق کا نام۔ گھریلو ملازمہ | صفحہ نمبر۔ 35 تا 40 | پہلی سہ ماہی |

**متفرق سرگرمیاں**

### سرگرمی نمبر 1

درج ذیل الفاظ سے سابقے الگ کیجیے اور ان سابقوں سے دو دو الفاظ خود بنائیے۔

باہمت________ ________ ہم وطن________ ________ بے بس________ ________

غیر ملکی________ ________ نالائق________ ________ پُرعزم________ ________

### سرگرمی نمبر 2

سبق گھریلو ملازمہ کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

________________________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

### سرگرمی نمبر 3

درج ذیل جملوں کی غلطیاں دور کر کے درست جملے تحریر کریں۔

| غلط جملے | درست جملے |
|---|---|
| بُری سحبت سے تنہائی بہتر ہے | |
| آمنہ کی بہن کینسر کے مرز میں مبتلا ہے | |
| ادب بہترین کمال اور سدقہ بہترین ابادت ہے | |
| تم نے اچھے جزبے کا مذاہرہ کیا | |
| علی کے گھر کے حالات اچھے نہیں | |